سوال

(14) اپنا نام مسلم رکھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جماعت المسلمین رجسٹرڈ کراچی والے کہتے ہیں کہ اپنا نام صرف مسلم رکھو اور اس کے علاوہ نام رکھنے سے فرقہ وجود میں آتا ہے۔ اور وہ اہل حدیث، سنی، بریلوی اور دیوبندی وغیرہ ناموں کو غلط کہتے ہیں ان کا یہ موقف کہاں تک صحیح ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خود جماعت المسلمین کے لوگوں کے صحیح مسلمان ہونے کے بارے میں اہل علم تحفظات کا شکار ہیں، کیونکہ ان کے متعدد ایسے تفردات ہیں جو گمراہی کی طرف لے جانے والے ہیں۔ مسلم ایک صفاتی نام ہے، ہر وہ شخص جو اپنے آپ کو اسلامی تعلیمات کے مطابق ڈھال لیتا ہے وہ مسلم ہے، خواہ وہ اہل حدیث ہو یا کسی اور مکتب فکر سے تعلق رکھتا ہو، ہم اپنے آپ کو اہل حدیث دیگر فرقوں سے ممتاز کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ اصل حکم عقائد اور اطاعت کا ہے، اگر کوئی شخص اپنا مسلم نہیں رکھتا لیکن وہ عقیدہ توحید اور اطاعت شریعت کا پابند ہے تو وہ مسلم ہے، اور اگر کوئی اپنا نام مسلم رکھ کر عقیدہ شرک اور نافرمانی کا مرتکب ہے تو مسلم نام رکھنے کے باوجود اس کے اسلام میں شک ہے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ]

جلد01